9182 ـ منفرد شخص کے پیچھے نماز کا حکم

سوال

اگر کوئی شخص انفرادی طور پر نماز ادا کر رہا ہو اور ایك اور شخص آ جائے تو کیا وہ شخص اس کی نماز میں مل کر نماز ادا کرے، یا کہ وہ اس سے دور رہے کیونکہ وہ انفرادی نماز ادا کر رہا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

علماء کرام کے صحیح قول کے مطابق ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ اس مسئلہ میں اختلاف پایا جاتا ہے، لیکن صحیح یہی ہے کہ ایسا کرنا جائز ہے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قیام اللیل کی نماز اکیلے ادا کر رہے تھے تو ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما آئے ا ور ان کے ساتھ نماز ادا کی تو اس حالت میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم امام اور ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما مقتدی بن گئے.

چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم منفرد سے امام کی نیت میں منتقل ہوگئے، جو کہ اس کے جواز کی دلیل ہے.

اور نفلی اور فرضی میں یہ معاملہ برابر ہے، الا یہ کہ کوئی دلیل اس کی تخصیص کر دے، یہ قول دوسرے سے زیادہ صحیح ہے، اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بھی اسے اختیار کیا ہے، اور امام احمد سے بھی ایك روایت ہے، اور ان شاء اللہ یہی راجح ہے.